**02.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

..........................................................................

1۔ دلّی اسمبلی انتخابات کی چناوٴ مہم کا اب محض ایک دن باقی رہ گیا ہے اور سیاسی رہنما، ووٹروں کو لبھانے کی آخری کوششوں میں سرگرم ہیں۔ ووٹنگ بدھ کو ہوگی۔

2۔ اترپردیش سرکار نے، کُل تیسرے امرت سنان کے پیش نظر، پریاگ راج میں مہاکنبھ کے دوران حفاظتی انتظامات میں اضافہ کیا ہے۔

3۔ حکومت نے، سمندر میں دریافت اور اس کی صورتحال کا پتہ لگانے کی ٹیکنالوجیز تیار کرنے کے، Deep Ocean Mission کیلئے 2025-26 کے بجٹ میں 600 کروڑ روپئے مختص کئے ہیں۔

4۔ Congo میں بھارتی سفارتخانے نے اپنے سبھی شہریوں کو، شہر میں M23 باغیوں کے پہنچنے کی خبروں کے پیش نظر، Bukavu سے، محفوظ جگہوں پر منتقل ہونے کا مشورہ دیا ہے۔

5۔ بھارت نے 19 سال سے کم عمر لڑکیوں کا ٹی-ٹوینٹی ICC عالمی کپ اپنے پاس برقرار رکھا ہے۔ اُس نے کوالالمپور میں جنوبی افریقہ کو 9 وکٹ سے ہرایا۔

7۔ اور دہرہ دون میں قومی کھیلوں میں لڑکیوں کے 25 میٹر رائفل مقابلے میں آشی چوکسی نے قومی ریکارڈ قائم کیا ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Delhi Campaiging

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے چناوٴ مہم اب اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے جس کے ختم ہونے میں محض ایک دن رہ گئے ہیں۔BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے رہنما اور سرکردہ شخصیتیں، ووٹروں کو اپنی اپنی طرف راغب کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہی ہیں۔ یہ لوگ پورے شہر میں روڈ شو، گھر گھر جاکر مہم اور عوامی جلسوں کا اہتمام کر رہے ہیں۔

سینئر بی جے پی رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج الزام لگایا کہ عام آدمی پارٹی، بوکھلاہٹ کی وجہ سے، ہر گھنٹے نئی پالیسیوں کا اعلان کر رہی ہے۔ RK پورم میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے دعویٰ کیا کہ عام آدمی پارٹی اتنی گھبرائی ہوئی ہے کہ وہ جھوٹے اعلانات کر رہی ہے۔

انھوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ پارٹی نے پچھلے 11 سال، برباد کئے ہیں اور اُس نے کوئی ترقیاتی کام انجام نہیں دیا۔

S/B PM Election

BJP رہنما اور آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے، دلّی میں پارٹی چناوٴ مہم کے دوران عام آدمی پارٹی کے رہنما اروند کجریوال پر نکتہ چینی کی کہ وہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں انقلاب لانے کے بڑے بڑے دعوے کر رہے ہیں۔BJP رہنما اور ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے کہا کہ جناب کجریوال نے، یمنا کو پانچ سال کے اندر اندر صاف ستھرا بنانے کا وعدہ کیا تھا لیکن وہ اِسے پورا کرنے میں نااہل رہے۔

اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے بھی دلّی میں BJP کیلئے چناوٴ مہم انجام دی۔اِسی دوران، عام آدمی پارٹی کنوینر اروند کجریوال نے، اعلیٰ انتخابی کمشنر کو خط لکھا ہے جس میں انھوں نے BJP کارکنوں اور دلّی پولیس کے افسران کے خلاف، اِس الزام کے تحت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے کہ انھوں نے ان کے پارٹی کارکنوں پر حملہ کیا ہے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب کجریوال نے دعویٰ کیا کہ BJP کارکن، نئی دلّی اسمبلی حلقے میں عام آدمی پارٹی کے کارکنوں کو ڈرا دھمکا رہے اور حراساں کر رہے ہیں۔

S/B Arvind Kejriwal

دوسری طرف آج دلّی کے اعلیٰ انتخابی افسر نے کہا ہے کہ BJP کارکنوں کے خلاف الزامات کے زیادہ تر معاملوں میں ایسی کوئی تحریری شکایات نہیں ملی ہیں کہ انھوں نے نئی دلّی اسمبلی حلقے میں عام آدمی پارٹی کے رضاکاروں کو ڈرایا دھمکایا اور حراساں کیا ہے۔

سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی نے حوض قاضی پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ نظریات کی لڑائی ہے اور کانگریس، آئین کی حفاظت کیلئے لڑ رہی ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ RSS اور BJP، آئین کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔

S/B Rahul Gandhi

کانگریس رہنما پرینکا گاندھی نے دعویٰ کیا ہے کہ عام آدمی پارٹی اور BJP نے اب اچانک خواتین کے معاملات پر توجہ دینی شروع کردی ہے کیونکہ انتخابات قریب آرہے ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ پچھلے دس سال میں، خواتین کی حفاظت کے بارے میں کوئی بات چیت نہیں کی گئی۔ انھوں نے BJP اور عام آدمی پارٹی، دونوں پر بدعنوانی کا الزام لگایا۔70 رکنی دلّی اسمبلی کے انتخابات بدھ کو کرائے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی ہفتے کو ہوگی۔x

## **Mahakumbh Basant Panchami**

اور اب کچھ خبریں اترپردیش کے پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ سے ..................

Monatage- Opening

اترپردیش حکومت نے کل بسنت پنچمی کے موقع پر پریاگ راج میں امرت اسنان کے موقع پر عقیدتمندوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے حفاظتی انتظامات میں اضافہ کر دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے افسران کو نقائص سے

پوری طرح پاک انتظامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ نیم فوجی دستوں سمیت 50 ہزار سے زیادہ پولیس اہلکاروں کو حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ مہا کمبھ کے علاقے کو عقیدتمندوں کی سہولت اور آسانی کیلئے No VIP زون قرار دیا گیا ہے۔

VC- Depndra- Aman

سبھی کی توجہ کا مرکز اکھاڑوں کی روایتی شوبھا یاترا کل، امرت اسنان جلوس کی قیادت کرے گی اور پوتر ندیوں میں ڈبکی لگانے کی رسم انجام دے گی۔ مہاکمبھ میلہ، 13 سے شروع ہوا ہے، جو 26 فروری کو مہا شیو راتری تک جاری رہے گا۔ اب تک سنگم میں قریب 35 کروڑ عقیدتمند پوتر ڈبکی لگا چکے ہیں۔

Montage- Closing

## PM Maha Kumbha

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان تعلقات محض جغرافیائی و سیاسی نہیں بلکہ یہ ہزاروں سال دیرینہ ہیں۔

انڈونیشیا کے شہر جکارتہ میں شری سناتن دھرم آلَیم کے مہا Kumbabhishegam کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور انڈونیشیا، ثقافت، تہذیبی رشتوں اور روحانیت کے وسیلے سے ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جب کبھی کوئی بھارتی، Prambanan جیسے مندر جاتا ہے تو اُسے کاشی اور کیدارناتھ کی یاد آتی ہے۔

S/B 2100 PM Kushambhishekam

## Basant Panchami

بسنت پنچمی یا سرسوتی پوجا کا تہوار آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر لوگ ذہانت اور علم کی دیوی ماں سرسوتی کی پوجا کرتے ہیں۔ یہ تہوار، قدرت کی خوبصورتی اور نئی شروعات کے جشن، موسم بہار کی آمد پر منایا جاتا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بسنت پنچمی کے موقع پر قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پیغام میں صدر جمہوریہ نے تعلیم اور علم سے وابستہ اِس تہوار کے موقع پر ملک کے سبھی شہریوں کیلئے خوشیوں، خوشحالی اور ذہانت کی دعا کی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی عوام کو سوشل میڈیا پر بسنت پنچمی کی مبارکباد دی ہے۔ x

## Samudrayan Mission

بھارتی سائنسدانوں کو، سمندر میں زیر آب اسٹیشن 'سمدریان' میں رہ کر، سمندر کی گہرائی کی دریافت کرنے کے، بھارت کے مشن کیلئے، 600 کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں، جس سے اِس مشن کی زبردست حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ اِس مشن کا مقصد سمندر کی تہہ کی صورتحال کا پتہ لگانا اور 6 ہزار میٹر گہرے پانی میں دریافت کے مقصد سے کسی انسان کے رہنے کیلئے ٹیکنالوجیز تیار کرنا ہے۔ اِن سرگرمیوں میں سمندر کی گہرائی میں کانکنی سے متعلق معلومات حاصل کرنا بھی

شامل ہے تاکہ زیر سمندر، حیاتیاتی وسائل کا استعمال کیا جاسکے اور سمندر کے کھارے پن کو کم کرنے والے حرارتی توانائی کے پلانٹس کیلئے انجینئرنگ کے ڈیزائن تیار کئے جاسکیں۔

بھارت کا منصوبہ ہے کہ وہ اِس سال کے آخر تک سمندر میں 500 میٹر کی گہرائی تک ایک انسان بردار آبدوز اسٹیشن بھیجے، جسے چنئی میں قائم نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوشین ٹیکنالوجی نے تیار کیا ہے۔ یہ اسٹیشن اگلے سال رفتہ رفتہ 6 ہزار میٹر کی گہرائی پر پہنچ کر اپنی دریافت کی سرگرمیاں انجام دینے لگے گا۔

وزیر خزانہ نے 'مشن موسم' کیلئے بھی ایک ہزار 329 کروڑ روپئے مختص کئے ہیں جو زمینی علوم کی وزارت کی طرف سے، موسم کی پیشگوئی کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کا ایک قدم ہے۔ زمینی علوم کی وزارت، Deep Ocea Mission کی قیادت کر رہی ہے، جس کیلئے کُل پیش کئے گئے مرکزی بجٹ میں تقریباً تین ہزار 650 کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔x

## Budget AI-Punjab Reactions

وزیر خزانہ نے متوسط طبقے کے حق میں ٹیکس زمروں، کسان کریڈٹ کارڈ کی حد میں اضافے جیسی، زرعی شعبے کی اسکیموں، MSME شعبے کی ترقی، کینسر سمیت زندگی بچانے والی مزید سستی دواؤں اور مصنوعی ذہانت AI کیلئے قومی مرکز کا اعلان کیا ہے، ماہرین اقتصادیات اور مصنوعی ذہانت کے ماہرین سمیت، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو خوشی ہے۔گرونانک دیو یونیورسٹی کے پنجاب اسکول آف اکانومکس سے وابستہ ڈاکٹر سواتی مہتا نے اِس بجٹ کی، مستقبل پر مرکوز بجٹ کے طور پر تعریف کی ہے جس کا مقصد ملک کو وکست بھارت بنانا ہے۔

جالندھر کے ایک ریٹائرڈ شخص راجن ورما نے، ٹیکس میں کمی کا خیر مقدم کیا اور اِس بجٹ کو متوسط طبقے کیلئے سازگار بجٹ کہا ہے۔ڈاکٹر امبیڈکر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے AI مرکز کے صدر پروفیسر ارون کھوسلہ نے مصنوعی ذہانت کا قومی مرکز قائم کرنے کے قدم کو سراہا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ یہ بھارت کو، AI کا ایک عالمی رہنما بنانے کے وزیراعظم کے تصور کے مطابق ہے۔x

## Govt Expenditure

حکومت نے مرکزی بجٹ میں، مالی سال 26-2025 کیلئے 11 لاکھ 21 ہزار کروڑ روپئے کے اثاثہ جاتی اخراجات مقرر کئے ہیں۔ جس سے، بنیادی ڈھانچے کی بنیاد پر کی جانے والی ترقی کے تئیں حکومت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ دفاع اور ریلویز کیلئے بجٹ میں خاطرخواہ رقم مختص کی گئی ہے جس میں 6 لاکھ 81 ہزار کروڑ روپئے محض دفاع کیلئے مختص ہیں۔ یہ رقم، رواں مالی سال کے مقابلے 9 اعشاریہ پانچ تین فیصد زیادہ ہے۔x

## CBDT Chairman New Tax Regime

CBDT کے چیئرمین روی اگروال نے کہا ہے کہ 12 لاکھ روپئے سالانہ تک کی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہ لگائے جانے اور نئے ٹیکس زمرے تشکیل دیئے جانے کے بجٹ اعلان سے 90 فیصد ٹیکس دہندگان کی حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ

اِن نئے زمروں کو اپنائیں۔آج ایک نیوز ایجنسی کو دیئے گئے، بجٹ کے بعد کے انٹرویو میں انھوں نے کہا کہ حکومت کا فلسفہ اور نظریہ، ایک غیر جبریہ ٹیکس انتظامیہ کو یقینی بنانا ہے۔x

**GST Collections January**

جنوری کے مہینے میں سامان اور خدمات سے متعلق ٹیکس GST کی مد میں ایک لاکھ 95 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی وصولیابی کی گئی۔ اِس طرح جنوری 2024 کے مقابلے اس سال 12 اعشاریہ تین فیصد زیادہ جی ایس ٹی وصول کیا گیا۔ اِس سال جنوری کے مہینے میں مرکزی جی ایس ٹی کی وصولیابی 36ہزار 77 کروڑ روپے رہی، جبکہ ریاستی جی ایس ٹی کی وصولیابی 44ہزار 942 کروڑ روپے رہی۔ مربوط IGST کی مالیت ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رہی۔سب سے زیادہ 39 فیصد کا اضافہ لداخ میں درج کیا گیا۔ اِس کے بعدنا گالینڈ اور انڈومان نکوبار جزائر کا نمبرہے۔

**UNGA President India Visit**

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر Philemon Yang نے کہا ہے کہ بھارت میں پچھلی دہائی کے دوران زبردست تبدیلی آئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس مہینے کی چار سے آٹھ تاریخ تک انھیں اِس دورے سے یہ جاننے کا موقع ملے گا کہ کس طرح ڈیجیٹل اور ٹیکنالوجیکل اختراع کی بنیاد پر یہ تبدیلی آئی ہے جو ہر طرح سے سماج کی بالکل نچلی سطح پر ہے۔ انھوں نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت، پانچویں سب سے بڑی معیشت اور دنیا کی پانچویں سب سے بڑی آبادی والے ملک کے طور پر بھارت، اقوام متحدہ کا ایک اہم رکن ہے۔ یہ بات جناب Yang نے PTI سے اپنے دورے سے قبل ایک خصوصی انٹرویو میں کہی۔x

**MEA Congo**

Congo کے Kinshasa میں واقع بھارتی سفارتخانے نے Bukavu میں رہ رہے سبھی بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فوراً محفوظ مقامات کیلئے روانہ ہوجائیں۔ سفارتخانے نے کہا ہے کہ ہوائی اڈے، سرحدیں اور تجارتی راستے اب بھی کھلے ہیں۔ سفارتخانے کی جانب سے جاری ایڈوائیزری میں Bukavu کا سفر کرنے سے سختی سے خبردار کیا گیا ہے۔ سفارتخانے نے سبھی سے ہنگامی منصوبہ بندی تیار کرنے کو بھی کہا ہے۔ Kinshasa میں بھارتی سفارتخانہ، مشرقی Congo میں سلامتی کی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ اس طرح کی خبریں ہیں کہ M-23 باغی، Bukavu سے محض 20 سے25 کلو میٹر دور ہیں۔کسی بھی طرح کی ہنگامی صورتحال یا معلومات کیلئے بھارتی سفارتخانے نے ہیلپ لائن نمبر جاری کیا ہے: نمبر ہے:+243 890024313

**Congo Rebel Death**

مشرقی جمہوریہ کانگو کے سب سے بڑے شہر گوما اور اُس کے مضافات میں ایک ہفتے میں روانڈا کے حمایت یافتہ M-23 باغیوں کے ساتھ لڑائی میں کم از کم 773 لوگ ہلاک ہوگئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ایک دہائی سے

جاری تنازعہ میں اُس وقت اضافہ ہوگیا جب باغیوں نے گوما شہر پر قبضہ کرلیا۔ مرنے والوں کی یہ تعداد شروعاتی اندازوں پر مشتمل ہے کیونکہ باغیوں نے شہریوں سے گوما کی سڑکیں خالی کرنے کو کہا ہے۔ کانگو کی حکومت کے ترجمان نے کل راجدھانی Kinshasa میں بتایا کہ مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے ماہرین کے مطابق M-23، 100 سے زیادہ مسلح گروپوں کا مجموعہ ہے، جو معدنی اعتبار سے مالا مال کانگو کے مشرقی حصے پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ M-23 کو پڑوسی ملک روانڈا کے چار ہزار فوجیوں کی مدد حاصل ہے۔ x

## US Imposes Tariffs

کینیڈا کے وزیر اعظم Justin Trudeau نے، امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے عائد کئے گئے محصولات کے جواب میں اپنے ملک میں آنے والی امریکی اشیا پر بھی 25 فیصد محصولات کا اعلان کیا ہے۔ اِن اشیا کی مالیت 155 ارب ڈالر ہوتی ہے۔آج اوٹاوا میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب Trudeau نے، امریکی درآمدات پر 25 فیصد محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے، جن کی مالی 30 ارب ڈالر ہوگی۔ یہ محصول منگل سے عائد ہوجائے گا۔ اس کے علاوہ، اِسی طرح کا محصول 125 ارب ڈالر مالیت کی امریکی اشیا پر بھی اگلے 21 دن کے دوران لاگو کردیا جائے گا۔چین نے بھی اپنی اشیا پر دس فیصد اضافی محصول عائد کرنے کے امریکی قدم کی مخالفت کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ وہ بھی اپنے قانونی حقوق اور مفادات کے دفاع کیلئے اسی طرح کے ضروری جوابی اقدامات کرے گا۔ اِس سے پہلے، میکسیکو کے صدر Claudia Sheinbaum نے کہا تھا کہ اُن کا ملک ٹرمپ کی طرف سے عائد کئے گئے محصولات کا جواب، اپنی طرف سے محصولات عائد کرکے اور دیگر جوابی اقدامات سے دے گا۔x

## Amirt Udyan

راشٹرپتی بھون کا امرت اُدّیان آج سے 30 مارچ تک عوام کیلئے کھل گیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل امرت اُدّیان کے سالانہ سرمائی ایڈیشن 2025 کے آغاز کی تقریب میں شرکت کی۔ امرت اُدّیان کی پیر کو چھوڑ کر ہفتے کے چھ دن صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک سیر کی جاسکتی ہے۔ یہ اڈّیان 5 فروری کو دلّی اسمبلی انتخابات اور 20 اور 21 فروری کو راشٹرپتی بھون میں ہونے والی کانفرنس کے ضمن میں بند رہے گا۔ اس کے علاوہ 14 مارچ کو ہولی کے موقع پر بھی امرت ادیان بند رہے گا۔ باغ کی بکنگ اور داخلہ مفت رہے گا۔ راشٹرپتی بھون کی ویب سائٹ سے بکنگ کی جاسکتی ہے ۔ سیدھے وہاں جاکر بھی امرت اُدّیان کی سیر کی جاسکتی ہے۔x

## Wetlands Day

آج دَلدلی زمین کا عالمی دن ہے۔ یہ ماحولیات سے متعلق ایک جشن ہے جو 1971 سے منایا جاتا ہے۔ جب ماحولیات کے بہت سے ماہرین، دلدلی زمین کے تحفظ کے مقصد سے یکجا ہوئے تھے۔دلدلی زمینوں میں پودے اور دیگر جاندار ہوتے ہیں جو نہ صرف ہمارے پانی کے ذخیروں بلکہ ہمارے پورے ماحول کیلئے صحت بخش ہیں۔ایران

کے شہر رامسر میں، رامسر کنونشن کو 2 فروری 1971 کو منظور کیا گیا تھا۔اِس سال کے کنونشن کا موضوع ہے: ''ہمارے مشترکہ مستقبل کیلئے دَلدلی زمینوں کا تحفظ''۔x

## India Win ICC U-19 WC

دفاعی چمپیَن بھارت نے خواتین کا انڈر-19 ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ جیت لیا ہے۔ ملیشیا کے کوالالمپور کے Bayuemas Oval میں کھیلے گئے فائنل مقابلے میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 9 وکٹ سے شکست دی۔ Gongadi Trisha کے 44 رن کی شاندار اننگز کی بدولت نِکی پرساد کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے 12 ویں اوور میں ہی 83 رن کا نشانہ حاصل کرلیا۔ Gongadi Trisha کو پلیئرَ آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اس سے پہلے جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم صرف 82 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے Mieke van Voorst نے سب سے زیادہ 23 رن بنائے۔ وہیں بھارت کی جانب سے Gongadi Trisha نے 3 اور ویشنوی شرما، آیوشی شُکلا اور پَرونیکا سسودیا نے دو-دو وکٹ لئے۔ شبنم محمد شکیل نے ایک وکٹ لیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے خواتین کا انڈر-19 ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ جیتنے پر بھارتی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اُنہیں بھارت ناری شکتی پر بے حد فخر ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ یہ جیت بہترین ٹیم ورک اور جذبے کا نتیجہ ہے، جو آنے والے ایتھلیٹس کو ترغیب دے گی۔ x

## National Games Ashi Chouksey

ایشیائی کھیلوں میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی مدھیہ پردیش کی بھارتی نشانے باز آشی چوکسی نے آج دہرہ دون میں 38 ویں نیشنل گیمز میں خواتین کے 50 میٹر رائفل تھری مقابلوں کا قومی ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ چوکسی اب سونے کا تمغہ جیتنے کی راہ پر گامزن ہیں۔ 22 سالہ چوکسی، جنہوں نے ہانگزاؤ ایشیائی کھیل 2023 میں 50 میٹر رائفلز تھری مقابلوں اور 10 میٹر ایئر رائفل مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا، نے 598 کا زبردست اسکور حاصل کیا۔ انہوں نے 2023 میں Sift Kaur Samra کے 594 کے اسکور کو توڑ دیا۔ نیشنل گیمز 2025 میں، سروسز سب سے زیادہ میڈل جیت کر سرفہرست ہیں، جبکہ کرناٹک دوسرے اور مہاراشٹر تیسرے نمبر پر ہے۔ x

## Cricket

کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پانچواں اور فائنل ٹی ٹوئنٹی میچ، ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں جاری ہے۔ آخری خبر ملنے تک انگلینڈ نے 6 اوورز میں 3 وکٹ کے نقصان پر 68 رن بنا لئے ہیں۔

اِس سے پہلے میزبان بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ کے سامنے جیت کیلئے 248 رن کا نشانہ رکھا۔ بھارت کی جانب سے ابھیشک شرما نے 54 گیندوں میں شاندار 135 رن بنائے۔ شرما نے اپنی اننگز میں 13 چھکّے اور 7 چوکے بھی لگائے۔ انھوں نے صرف 37 گیندوں میں اپنی سنچری مکمل کی۔ بھارت، چوتھا ٹی ٹوئنٹی میچ جیت کر تین- ایک کی ناقابل تسخیر سبقت پہلے ہی حاصل کرچکا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆